15/03/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

کانفرنس

سرینگر میں کولڈ واٹر فشریز سے SKICC مرکزی حکومت کے محکمہ فشریز کی طرف سے کل و پنچایتی راج Dairying متعلق ایک قومی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ۔ فشریز ، اینمل ہسبنڈی اینڈ کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں ٹراوٹ کی پیداوار بڑھانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے ۔ وزیر موصوف نے اس موقعے پر اننت ناگ میناپک مربوط ایکوا پارک قائم کرنے کیلئے سو کروڑ روپے کی رقم منظور کی ۔ کانفرن سے فشریز اور پشو پالن کے مرکزی وزیر مملکت پروفیسر ایس پی سنگھ Baghel نے کہاکہ وزیر اعظم نریندر مودی ذاتی طور پر اس سیکٹر کو ترقی کے اعلیٰ معیار تک پہنچانے کی طرف توجہ دے رہے ہیں۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمونو کشمیر مچھلی پالن شعبے میں قومی ماڈل کے طور پر اُبھر رہا ہے۔ انہوننے کہا کہ حکومت کے اصلاحی اقدامات کے بدولت شعبے میں روزگار کے مواقعے پیدا ہونگے جبکہ نقصانات کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہو گا۔

لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ جموں کشمیر میں سال 2020 کے بعد مچھلیوں کی پیداوار اور ماہی پروری کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ فشریز سیکٹر کے HADP لئے میں 233 کروڑ روپے مختص رکھے گئے ہیں ۔

------LG------

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس موقعے پر خطاب کر تے ہوئے کہا کہ اس شعبے کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے کے لئے یونیورسٹیاں اور تحقیقی ادارے ایک کلیدی رول ادا کر سکتے

ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ماہی پروروں کی آمدن میں اضافہ کرنے کے لئے اختراعی پالیسیاں وجود میں لائی جا رہی ہےں ۔

........Byte...........

رسم رونمائی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جمونو کشمیرکے شاندار مستقبل کی تشکیل کےلئے لامحدود امکانات موجودہیں۔ انہوننے کہا کہ یوٹی قدرتی وسائل اور خدمت کے جذبے سے سرشار لوگوں سے مالا مال ہے ۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے کل سرینگر میں "MEHSOOS-Stories of Social Transformation" نامی کتاب کی رسم رونمائی انجام دینے کے موقعے پر کیا۔

ودیالیہ فاؤنڈیشن آف انڈیاکی طرف Ekal کتاب میں سیوا بھارتی جموں کشمیرکے رضا کاروں اور سے زمینی سطح پر کئے جا رہے ہے لوث اور سماجی بدلاؤ کے اقدامات سے متعلق کہانیوں کی عکاسی ہوتی ہے ۔ اس موقعے پر ایل جی نے کہا۔

------Byte-----

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نوجوانوں کو فنون اور ثقافت کی سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کےلئے جامع اور قابل عمل منصوبہ تیار کرنے پر زور دیا ۔ وہ کل جمونو کشمیر کے تمام ضلعوں کے سکولوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں تک ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی تجویز سے متعلق بلائی گئی ایک میٹنگ کی صدارت کررہے تھے۔

انہوننے کہا کہ اس اقدام کا مقصد نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو منظم فنون لطیفہ کی سرگرمیوں کے ذریعے صحیح سمت فراہم کرنا ہے۔

کمشنر سیکریٹری

کوآپریٹیو محکمے کی کمشنر سیکریٹری یشا مُدگل نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران اننت ناگ سینٹرل کوآپریٹیو بنک لمیٹڈ کی کارگردگی کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام مالی اہداف کی بر وقت حصولیابی کو یقینی بناتے ہوئے بنک کے کام کاج میں مزید بہتری لائیں ۔

بلیٹن

ریجنل نیوز یونٹ آکاشوانی سرینگر آج یعنی15مارچ سے خبروں کا ایک اور اُردو بلیٹن نشر کر رہا ہے۔10منٹ کا یہ بلیٹن آج سے ہر روز سہ پہر3بجکر50منٹ سے4بجے تک نشر ہوا کرے گا۔

اس سلسلے میں آکاشوانی نیوز کے ڈائریکٹر جنرل راجیو جین نے باضابطہ آرڈر جا ری کیا ہے جس پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈائریکٹر طارق راتھر نے اُن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ طارق راتھر نے اس سلسلے میں اپنا تعاون دینے کےلئے آکاشوانی سرینگر کے کلسٹر ہیڈ گُربندر سنگھ اور پروگرام سر براہ غلام رسول آخون کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر اب روزانہ خبروں کے کُل12بلیٹن نشر کرے گا جن میں اُردو کے4اور کشمیری کے 5بلیٹنز کے علاوہ پہاڑی، گوجری اور بلتی زبان کا ایک ایک بلیٹن شامل ہے۔

نماز

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی جانب سے شبِ قدر کی بابرکت تقریبات کے سلسلے میں کشمیر کی مختلف مساجد، درگاہوں، خانقاہوں اور بقہ جات میں نماز عشاءکے اوقات مشتہر کئے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں وادی میں سب سے بڑی تقریب آثار شریف در گاہ حضرت بل میں منعقد ہو گی جہانکل نماز عشاءرات10بجے ادا کی جائے گی۔

اسی طرح آثار شریف جناب صاحب آنچار صورہ سرینگر11بجے، زیارت حضرت پیر دستگیر صاحبؒ خانیار سرینگر 10بجے ،زیارت حضرت میر سعید یعقوب صاحب سونہ وار10بجے،خانقاہ معلی حضرت امیر کبیرؒ میر سعید علی ہمدانی10بجکر30منٹ، آثار شریف کلاشپورہ سرینگر10بجے، زیارت حضرت مخدوم صاحب سرینگر 10بجے، آثار شریف کعبہ مرگ اننت ناگ10بجے، خانقاہ فیض پناہ ترال10بجکر30منٹ ،زیارت شریف علمدار کشمیر چرار شریف میں10بجکر30منٹ اور زیارت حضرت پیام الدین ریشی صاحب ٹنگمرگ11بجے ادا کی جائے گی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17اعشاریہ1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....